ادارہ

# عالمگیر سوگ اور ہمہ گیر غم واندوہ

## شمع روشن بجھ گئی بزم سخن ماتم میں ہے

### سیاسی زعماء کی دارالعلوم آمد، حکمرانوں، سیاست دانوں اور بعض مشاہیر کے چند تعزیتی پیغامات

- **صدر پاکستان جناب ڈاکٹر عارف علوی صاحب**

مولانا سمیع الحق شہید اوران کے والد نے پاکستان کی دستور سازی اور پارلیمانی جدوجہد میں ایک بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ دینی مدارس اور مذہبی علوم کے فروغ میں بھی مولانا سمیع الحق شہید کے کردار کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا، ان کی شہادت ہم سب کیلئے بہت بڑا صدمہ ہے۔ حکومت کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ ان کے قاتلوں کو فوری گرفتار کریگی۔ پاکستان جن مسائل سے گزر رہا ہے اس کو بحران سے نکالنے میں مولانا شہید کا ایک بہت بڑا حصہ رہا ہے۔ وزیراعظم پاکستان عمران خان سمیت کئی امور پر انہوں نے ہماری رہنمائی کی۔

- **وزیراعظم پاکستان جناب عمران خان صاحب**

وزیراعظم پاکستان جناب عمران خان صاحب سربراہ جے یوآئی شیخ الحدیث مولانا سمیع الحق (س) پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ مولانا سمیع الحق کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔

- **جنرل جاوید قمر باجوہ صاحب** (چیف آف آرمی سٹاف)

چیف آف آرمی سٹاف جنرل جاوید قمر باجوہ صاحب نے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب کی شہادت کی سخت الفاظ میں مذمت کی اور ان کی پاکستان اور اسلام کیلئے خدمات پر انہیں خراج تحسین پیش کیا اور غمزدہ خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ (ترجمان افواج پاکستان میجر جنرل آصف غفور)

- **جناب صادق سنجرانی صاحب** (چیئرمین سینٹ آف پاکستان)

اسلام اور پاکستان کیلئے مولانا سمیع الحق کی خدمات کو تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا جائیگا۔ دستور سازی کے مشکل ترین ادوار سمیت پارلیمانی جدوجہد اور خصوصاً سینٹ میں مولانا مرحوم کا بڑا کردار رہا ہے۔ اس سانحہ پر ہم سب مولانا سمیع الحق کے خاندان، شاگردوں، اور معتقدین سے دلی تعزیت کرتے ہیں۔

- **حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب (امیر جمعیت علمائے پاکستان)**

اس میں کوئی شک نہیں کہ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب کی شہادت کا یہ سانحہ تاریخ کا ایک بہت بڑا سانحہ ہے اور جس سفاکیت اور ظلم کیساتھ ظالموں نے ان کی جان لی ہے، یقیناً آج پورے ملک کا علمی و دینی حلقہ سوگوار ہے، یہاں سے میرا تعلق طالب علمی کے زمانے سے ہے، آٹھ سال میں دارالعلوم حقانیہ کا طالبعلم رہا ہوں، آج میں جو کچھ بھی ہوں اس دارالعلوم حقانیہ کے فیوض و برکات کا نتیجہ ہے۔ اللہ رب العزت اس ادارے کو مزید ترقی سے سرفراز فرمائے اور مولانا انوار الحق صاحب دامت برکاتہم پر اس وقت ان پر دارالعلوم کی بہت بڑی ذمہ داری آئی ہے مولانا سمیع الحق صاحبؒ کے بڑے صاحبزادے مولانا حامد الحق صاحب پر بھی ذمہ داری آ گئی ہے چونکہ مولانا سمیع الحق صاحب ایک مشنری انسان تھے، وہ اپنے اغراض و مقاصد کیلئے ہر محاذ پر کوشاں رہے اور اب اس حوالے سے ان کی جو ذمہ داری تھی وہ ان پر عائد ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے پورے خاندان کو مولانا کے نقش قدم پر چلنے کو آسان فرمائے اور حقیقت ہے کہ بڑے لوگ دنیا میں آتے ہیں اور ہمیشہ ہمیشہ کیلئے دنیا میں رہنے کیلئے نہیں آیا کرتے بالآخر سفر کرتے ہیں لیکن زندگی کا ایک مشن وہ ایک امانت ہوتی ہے وہ امانت بعد کے لوگوں کے حوالے کر کے چلے جاتے ہیں، یقیناً یہاں صدمے کا ماحول بھی ہے لیکن ایک علمی ماحول ہے اور علماء کا طبقہ قرآنی تعلیمات سے خوب واقف ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اللہ نے قرآن میں فرمایا: اَفَائِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓی اَعْقَابِکُمْ وَ مَنْ یَّنْقَلِبْ عَلٰی عَقِبَیْهِ فَلَنْ یَّضُرَّ اللّٰهَ شَیْئًا وَ سَیَجْزِی اللّٰهُ الشّٰکِرِیْنَ(العمران: ۱۴۴) یقیناً لوگ دنیا سے جاتے ہیں انبیائے کرام بھی دنیا سے چلے گئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی دنیا سے پردہ فرمایا لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ ہم مایوس ہو کر بیٹھ جائیں لہٰذا یہ مشن جاری رہیگا اور وہ اہداف جو ہمارے اکابرین اور اسلاف نے ہمارے لئے متعین کئے ہیں ان مقاصد کے حصول کیلئے جدوجہد کا سلسلہ برقرار رہے گا اور ان شا اللہ العزیز اللہ تعالیٰ ہمارے لئے آسانیاں پیدا فرمائے گا اور یہ خون جو بہا ہے رائیگاں نہیں جائے گا۔ یہ خون اپنی منزل کی طرف تحریکوں کو آگے بڑھائے گا اور یہ ہمارا ایمان ہے کہ ان شاء اللہ یہ سلسلے جاری رہیں گے، یہ علمی و سیاسی سلسلہ اور یہ دینی علوم اور دینی سیاست کا یہ سارا سلسلہ جاری رہے گا، اللہ تعالیٰ حامی و ناصر ہو اور ہماری مشکلات کو آسان فرمائے۔

- **جناب سراج الحق صاحب (امیر جماعت اسلامی)**

مولانا سمیع الحق ایک نظریہ اور ایک مشن کا نام تھے، وہ بیک وقت صحافی، محدث، محقق، سیاستدان اور مجاہد تھے۔ انہوں نے زندگی کا بیشتر حصہ نفاذ اسلام کی جدوجہد کے لئے وقف کیا، حکومت وقت انکے قاتلوں کو فوراً گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہونچائے۔

● الشیخ حبیب الله مختار (نائب سفیر سعودی عرب اسلام آباد)

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم، نحمده ونصلی وصلاة وسلام علی اشرف الانبیا والمرسلین سیدنا محمد وصحبه اجمعین۔ السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

لله ما اخذ ولله ما اعطیٰ فکل شی عنده باجل مسمی، اعظم الله اجرکم واحسن الله جزائکم وتقبل علی الله عندکم من الشهداء واسکنه فسیح جناته وابدله بدلًا خیراً من اهله بدلاً فی وزوجه اللهم جعل مکانه فی جوار الصدیقین والشهداء والصالحین والفردوس الاعلی فی الجنة واقدم لکم تعازی سفیر خادم الحرمین الشریفین فی اسلام اباد وجمیع الاعضاء سفارة فی مصابکم هذا الجلل واعظم الله اجرکم۔ ویرزق الجمیع الصبر والاحتساب

● ڈاکٹر عبدالعزیز بن عبدالله العمار (سابقہ نائب وزیر مذہبی امور سعودی عرب)

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته! انا للّٰہ وانا الیه راجعون

تلقیت بیالغ الأسی والحزن الخبر المحزن وفاة الشیخ الامام سمیع الحق رحمه الله واسکنه فسیح جناته وعظم الله اجرکم واحسن عزائکم وتقبله الله مع الشهداء فی جنات النعیم

فقد عرفته شیخا نحسبه کذلك ولا نزکی علی الله احد شیخا صالحا معتدلا یدعوا الی الوسطیة والتسامح والعفو وقد نفع الله به جعل الله ذلك فی موازین اعماله فارجوا نقل تعزیتی الی جمیع العائله والمشایخ ومحبی الشیخ وتونوا خیر خلف لخیر سلف وصلی الله علی سیدنا محمد وعلی آله وصحبه وسلم

● الشیخ الدکتور صالح بن عبداللّٰہ بن حمید (امام کعبہ)

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته .جزاك الله کل الخیر .رحم الله الشیخ سمیع الحق وأسکنه فسیح جناته .أرجو نقل تعازی إلی أولاده وأحفاده وکل من المشایخ .، وإن شاء اللّٰہ سأتصل بهم بمشیئة اللّٰہ تعالی، رحمه الله .والسلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

● الشیخ ابوسعد محمد الدوسری (سابقہ مدیر مکتب الدعوہ پاکستان)

السلام علیکم ابن الشیخ عبدالحق بن حامد الحق

بلغنی نباء وفاة (جدك) العلامة مولانا الشیخ سمیع الحق

وإن للّٰہ ما أخذ وله ما أعطی وکل شی ء عنده بأجل مسمی ولتصبروا ولتحتسبوا أسأل اللّٰہ تعالی أن یغفر له، ویرحمه، ویکرم نزله، ویسکنه الفردوس الأعلی فی الجنة، ویعظم أجر أولاده ومحبیه وذویه، ویرزق الجمیع الصبر والاحتساب۔ عظم الله أجرکم وأحسن عزاء کم۔ إنا لله وإنا إلیه راجعون۔

- **جناب اسد قیصر صاحب** (اسپیکر قومی اسمبلی)

حضرت مولانا سمیع الحق صاحب جو کہ ہمارے لئے ایک مشعل راہ تھے، گذشتہ دنوں ایک جگہ ان سے ملاقات ہوئی جسے میں اپنے لئے خوش قسمتی سمجھتا ہوں، اس ملاقات میں مولانا حامد الحق اور مولانا یوسف شاہ صاحب بھی شامل تھے، پچھلے دس دن پہلے کی بات ہے ان سے تفصیلی بات ہوئی اور اس میں ہم نے یہ بھی تبادلہ خیال کیا تھا کہ کیا کیا اسلامی اقدامات کرنے ہیں اور صوبہ پنجاب میں صوبہ کے پی کے کی طرح ہم نے جو ترجمہ قرآن پاک کا شروع کیا ہے وہی ترجمہ ہم وفاقی سکول میں اور پنجاب میں بھی شروع کریں گے اور اسلامائزیشن کی بھی بات ہوئی تھی کہ جو سود کے نظام کے خلاف جو بل پاس کیا ہے اس کی تکمیل پر بات ہوئی تھی، مجھے انکی شہادت پر بہت افسوس ہے، اللہ تعالیٰ نے ان کو بہت بڑا رتبہ عطا فرمایا، لیکن ہم پسماندگان کے دکھ درد میں برابر کے شریک ہیں اور ہم وزیر داخلہ اور جناب پرویز خٹک صاحب بھی بات کریں گے حکومت ہر لحاظ سے ہر ممکن طریقے سے ان کے قاتلوں تک پہنچے گی، کوئی کمی وبیشی ہم نہیں چھوڑیں گے، اور ان سے میرا بہت پرانا تعلق ہے، ہم یقین دہانی کراتے ہیں کہ مولانا صاحب کا جو مشن تھا اس کو آگے لے جائیں گے اور ان علمائے کرام کے ساتھ بیٹھ کر اور مشاورت کر کے اور اسلامائزیشن کے حوالے سے بہترین اقدامات ہوں وہ کے پی کے اور وفاق میں اس کے نفاذ کیلئے ہر ممکن اقدام کریں گے۔

- **جناب نعیم الحق صاحب** (معاون خصوصی برائے سیاسی امور وزیراعظم پاکستان)

میڈیا سے بات کرتے ہوئے ترجمان پاکستان تحریک انصاف نعیم الحق کہتے ہیں مولانا سمیع الحق ایک محبّ الوطن پاکستانی تھے ان کی شہادت ایک عظیم سانحہ ہے، وزیراعظم عمران خان کو ان کی شہادت کے حوالے سے بریف کردیا گیا ہے، وزیر اعظم نے سانحے کی پرزور الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے والد جو قومی اسمبلی کے رکن تھے نے ۱۹۷۳ کے آئین پر دستخط کیے تھے، مولانا سمیع الحق کی پاکستان کے لیے بہت خدمات ہیں، پاکستان کا ایک بڑا مدرسہ اکوڑہ خٹک میں انکی سربراہی میں ہزاروں طلبہ کو تعلیم فراہم کرتا ہے۔

ترجمان پاکستان تحریک انصاف نے کہا کہ خیبر پختونخوا کی حکومت کیساتھ ایک معاہدے کے تحت انہوں نے مدرسے کے نصاب کو تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ نعیم الحق کہتے ہیں کہ وزیراعظم کی ہدایت پر چیف منسٹر پنجاب نے اس واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے قاتلوں کی گرفتاری کے حوالے سے ہدایات دیدی ہیں، انہوں

نے بتایا کہ مولانا سمیع الحق ۱۵ دن پہلے وزیراعظم سے ملنے آئے تھے اور دونوں نے تفصیلی گفتگو کی تھی اور فیصلہ کیا گیا تھا کہ انکو مختلف دینی اداروں میں نمائندگی دی جائیگی۔نعیم الحق نے کہا کہ پی ٹی آئی کو انکی شہادت پر گہرا افسوس ہے،ہمیں امید ہے کہ انکے قاتلوں کو جلد گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائیگا۔

- **جناب وسیم سجاد صاحب** (سابق چیئر مین سینٹ)

مولانا سمیع الحق کی شہادت سے ذاتی طور پر انتہائی دکھی ہوں ،انہوں نے ہمیشہ اسلام اور پاکستان کی سربلندی کے لئے جدوجہد کی

- **جناب چودھری نثار صاحب** (سابقہ وفاقی وزیرداخلہ)

مولانا سمیع الحق نے پاکستان میں امن کیلئے ہمیشہ ہمارا ساتھ دیا۔اگر پنڈی اسلام آباد میں مولانا سمیع الحق جیسی شخصیت محفوظ نہیں تو اللہ ہی حافظ۔

- **جناب عثمان بزدار صاحب** (وزیراعلیٰ صوبہ پنجاب)

مولانا سمیع الحق کی شہادت پر ان کے غمزدہ خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتا ہوں۔مولانا سمیع الحق کی شہادت قومی سانحہ ہے۔ملک ایک جید عالم دین اور سینئر سیاستدان سے محروم ہو گیا ہے۔مولانا سمیع الحق شہید کی سیاسی و دینی خدمات کو ہمیشہ یادرکھا جائے گا۔

- **میجر (ر) عامر صاحب** (جہادافغانستان کے وقت کے اہم ہیرو، دفاعی تجزیہ نگار)

مولانا سمیع الحق مرحوم میرے لئے استاد اور دوست کی حیثیت رکھتے تھے،انکی اور میری وجہ سے دارالعلوم حقانیہ اور دارالقرآن پنج پیر کے رابطے مزید مضبوط ہوئے ،مولانا سمیع الحق نے افغان طالبان ومجاہدین کا مقدمہ جس طرح یہاں پاکستان میں پیش کیا وہ قابل تحسین ہے۔

- **مولانا طیب طاہری صاحب** (سربراہ اشاعت توحید والسنہ)

مولانا سمیع الحق مرحوم نے ہمیشہ حق کیلئے آواز بلند کی ،اتحاد امت اور اتحاد بین المسلمین کیلئے کاوشیں ہمیشہ یادرکھی جائیں گی۔

- **جناب ثناء محمد خان صاحب** (ڈائریکٹر سٹاف سینٹ آف پاکستان)

اللہ تعالیٰ ہمارے محترم حضرت مولانا سمیع الحق صاحب (شہید) کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور آپ سب کو اور تمام اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے اور قاتلو ں کو جلد از جلد گرفتار کر کے عبرتناک سزا دلوئے۔آمین والسلام

- **جناب محمد نواز شریف صاحب**

مولانا سمیع الحق کی شہادت کی خبر سن کر بہت دکھ ہوا ہے۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ پاکستان پر رحم فرمائے۔ اور مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرماتے ہوئے پسماندگان کو صبر جمیل دے۔ آمین

- **جناب محمد شہباز شریف** (صدر مسلم لیگ و قائد حزب اختلاف)

مسلم لیگ نون کے صدر اور قائد حزب اختلاف شہباز شریف کا مولانا سمیع الحق کے صاحبزادے مولانا حامد الحق کو ٹیلیفون مولانا سمیع الحق کے قتل کی مذمت اور لواحقین سے اظہار تعزیت کیا۔ مولانا سمیع الحق کی دینی اور جمہوریت کے لیے خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔

- **ڈاکٹر عبدالقدیر خان**

انا للہ و انا الیہ راجعون امن کے پیکر، جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے مہتمم اعلیٰ جناب مولانا سمیع الحق صاحب کو راولپنڈی میں نامعلوم افراد نے چاقو مار کے شہید کیا، حکومت وقت سے اپیل ہے کہ آزاد کمیشن بٹھا کے تحقیقات کریں، اللہ جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرماویں۔

- **سینیٹر جناب شبلی فراز صاحب**

مولانا سمیع الحق کی وفات سے ایک بہت بڑا خلا پیدا ہوگیا ہے

- **سینیٹر جناب سجاد طوری صاحب**

اتحاد بین المسلمین کے لئے ان کی خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں۔

- **سینیٹر جناب نصر اللہ دریشک صاحب**

مولانا سمیع الحق پر حملہ نظریہ پاکستان پر حملے کے مترادف ہے

- **علامہ ثاقب اکبر صاحب** (ملی یکجہتی کونسل)

مولانا سمیع الحق کی شہادت پورے عالم اسلام کیلئے کسی حادثے سے کم نہیں۔ اتحاد امت اور نفاذ اسلام کیلئے ان کی سیاسی، قلمی اور تبلیغی کاوشیں ہمیشہ رکھی جائیں گی۔

- **علامہ سید ساجد علی شاہ نقوی صاحب** (قائد ملت جعفریہ پاکستان)

محترم مولانا حامد الحق حقانی صاحب! قائم مقام امیر جمیعت علماء اسلام (س) و برادران محترم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! آپ کے والد محترم حضرت مولانا سمیع الحق صاحب کی رحلت پر دلی افسوس ہوا، دکھ کے ان لمحات میں تعزیت پیش کرتے ہوئے آپکے غم میں شریک ہیں، بلاشبہ یہ سانحہ ناقابل تلافی نقصان کا سبب ہے لیکن رضائے خداوندی کے سامنے سر تسلیم خم کرنا ہی تقاضائے بشریت ہے، حضرت مولانا سمیع

الحق صاحب دانشور شخصیت تھے، انکی نفاذ شریعت اور وحدت امت کیلئے بھرپور خدمات تھیں جو تادیر یاد رکھی جائینگی۔ ہماری دعا ہے کہ خداوند کریم مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے، آپ اور دیگر سوگواروں کو صبر جمیل عطا فرمائے، ازراہ کرم ہماری تعزیت دیگر سوگواروں تک بھی پہنچائیں۔ صحت وسلامتی کی دعا کیساتھ۔

- **جناب چودھری محمد سرور صاحب** (رہنما پی ٹی آئی)

مولانا سمیع الحق کے قتل کی خبر سن کر مجھے انتہائی دکھ ہوا، اللہ مولانا کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے قاتلوں کو جلد از جلد گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دیجائے۔

- **جناب احسن اقبال صاحب** (سینئر رہنما پاکستان مسلم لیگ ن)

بہت ہی خوفناک خبر! مولانا سمیع الحق کے قتل کی خبر بہت ہی پریشان کن ہے، اللہ ان پر رحم فرمائے، امین۔

- **جناب شاہ محمود قریشی صاحب** (رہنما پی ٹی آئی)

مولانا سمیع الحق کی شہادت کی خبر پر شدید دکھ ہوا، مولانا کی شہادت ایک قومی المیہ ہے۔ پاکستان آج ایک انتہائی زیرک اور جدید عالم دین سے محروم ہوگیا۔ اللہ تعالیٰ مولانا کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام سے نوازے۔ اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ امین

- **جناب الطاف حسین** (مہاجر قومی موومنٹ)

جمعیت علمائے اسلام (س) کے امیر اور ممتاز سیاسی و مذہبی رہنما مولانا سمیع الحق کا بہیمانہ قتل ایک قومی سانحہ ہے۔ میں اس بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کرتا ہوں۔

- **محترمہ شیریں مزاری صاحبہ** (رہنما پی ٹی آئی)

مولانا سمیع الحق کا ظالمانہ قتل! بالکل قابل مذمت ہے۔ یہ ہمارے جیسے لوگوں کے ساتھ کیا ہو رہا ہے؟ ایسا تشدد؟ واقعی بہت ہی افسوسناک ہے

- **جناب ڈاکٹر طاہر القادری صاحب** (سربراہ عوامی تحریک)

مولانا سمیع الحق کے قتل کی وجہ سے بہت شدید غمگین ہوں، پاکستان نے ایک اہم مذہبی اور سیاسی شخصیت کو کھو دیا ہے، قاتلوں اور ان کے ماسٹر مائنڈ کو فوری طور پر گرفتار کیا جانا چاہیے۔

- **جناب شاہد خان آفریدی**

مولانا سمیع الحق پر جان لیوا حملے کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ دعا ہے اللہ شہید مولانا سمیع الحق کے درجات بلند کرے اور جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور حکومت سے میری اپیل ہے کہ انکے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کر کے انصاف کے کٹہرے میں لائے۔